کینٹونمنٹ بورڈ لاہور کینٹ

نوٹس برائے لکڑی نیلام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ CB نرسری کینٹونمنٹ بورڈ لاہور میں جمع شدہ مختلف اقسام کی لکڑی کے ٹکڑوں کا نیلام عام جہاں ہے جیسے ہے کی بنیاد پر مورخہ: 28/ جنوری/2026ء بوقت 02:00 بجے دفتر کینٹونمنٹ بورڈ لاہور میں کر رہا ہے۔ خواہشمند حضرات اس سنہری موقع سے فائدہ اُٹھائیں۔

تفصیل درج ذیل ہے۔

نمبر شمار	درخت کی اقسام	شیشم کیوبک فٹ	مختلف کیوبک فٹ
1	شیشم اور مختلف اقسام	358	1581

شرائط نیلامی:-

1۔ نیلام میں حصہ لینے سے قبل اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی مصدقہ فوٹو کاپی دفتر ہذا میں جمع کرانا ہوگی۔ نیلامی میں حصہ لینے والا ہر خواہشمند مبلغ -/100,000 بطور زرضمانت بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر لاہور کینٹ بورڈ کال ڈیپازٹ قبل از بولی جمع کرائے گا۔ نقد / کیش کی صورت قابل قبول نہ ہوگا۔

2۔ ٹوکن کی رقم کے بغیر کسی بھی ٹھیکیدار کو نیلامی میں حصہ لینے کی اجازت نہ ہوگی۔

3۔ کامیاب بولی دہندہ کو بولی ختم ہوتے ہی فوری طور پر بولی کی رقم کا ایک چوتھائی (1/4) موقع پر جمع کرانا ہوگا اور بقایا رقم مجاز اتھارٹی سے منظوری ملنے کے بعد 07 یوم کے اندر بمعہ ٹیکسز جمع کروانا ہوگی۔ بصورت دیگر دوسرے نمبر پر سب سے زیادہ بولی دینے والے کو یہ پیشکش کی جائے گی۔ واضح رہے کہ موقع پر مذکورہ بالا بولی کی ادائیگی میں ناکام رہنے والے بولی دہندہ کا زرضمانت بحق کینٹونمنٹ بورڈ لاہور ضبط کرلیا جائے گا۔

4۔ کامیاب بولی دہندہ کی جانب سے مقررہ مدت کے اندر بولی کی بقایا رقم جمع نہ کروانے کی صورت میں اس کی طرف سے پہلے سے جمع کروائی گئی رقم کا ایک چوتھائی (1/4) ضبط کرلیا جائے گا اور لکڑی کو دوبارہ نیلامی کیلئے رکھا جائے گا۔

5۔ کامیاب بولی دہندہ بقایا رقم جمع کروانے کے وقت مروجہ قوانین کے مطابق تمام ٹیکسز (انکم ٹیکس اور جی ایس ٹی ٹیکس) جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

6۔ کامیاب بولی دہندہ کو نیلام شدہ درختوں کو مکمل ہٹانے سے پہلے اسے فروخت کرنے کی اجازت نہ ہوگی۔

7۔ کامیاب بولی دہندہ نیلام شدہ درختوں کو ہٹانے کے دوران سرکاری / نجی املاک کو ہونے والے نقصان کا ذمہ دار ہوگا۔ اور بولی دہندہ کو نقصان کی پوری رقم ادا کرنا ہوگی۔

8۔ اگر مقررہ مدت کے اندر درختوں کو نہ ہٹایا گیا تو پہلے سے جمع شدہ لکڑی کو ضبط کرلیا جائے گا اور جمع شدہ معاوضے کو بھی ضبط کرلیا جائے گا۔

9۔ نیلامی کے نوٹس کی کسی بھی شرط کی خلاف ورزی کی صورت میں کامیاب بولی دہندہ کی طرف سے جمع شدہ سیکیورٹی کی رقم ضبط کرلی جائے گی۔

10۔ بولی کی حتمی منظوری کینٹونمنٹ بورڈ کے تابع ہوگی۔ کینٹونمنٹ بورڈ کو اختیار حاصل ہے کہ وہ بمطابق پیپرا قواعد تمام بولیوں کو (قبل از منظوری) مسترد کردے۔

11۔ نیلامی کی جانے والی کٹی ہوئی لکڑی کی تفصیلات یا دیگر ضروری معلومات نیلامی کی تاریخ سے پہلے کام کے اوقات میں زیر دستخطی کے دفتر سے حاصل کی جاسکتی ہے۔

نوٹ:۔

مقررہ تاریخ پر کسی وجہ سے بولی کے عدم انعقاد یا مسترد ہونے کی صورت میں مورخہ: 29 / 01 /2026ء کو دوپہر 02:00 بجے دوبارہ بولی ہوگی اور اس بارے کوئی علیحدہ اشتہار نہ دیا جائے گا۔

المشتہر

کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر
لاہور کینٹ۔